
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں
رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves
Kids

توحید ربوبیت اور اسکا اقرار



کس نے پہاڑوں کو بنایا؟

کس نے سمندر کو بنایا؟



کون ہمیں کھانا اور پانی دے رہا ہے؟

اللہ ہر چیز کا خالق ہے اور وہی ہر چیز پر نگہبان ہے۔

سورۃ زمر :62



اللہ ہمیں اور ساری مخلوق کو رزق دے رہا ہے۔

توحید ربوبیت یعنی:



ہم اقرار کریں کہ اللہ ہر چیز کا رب ہے اور مالک اور خالق اور رازق اور مدبر ہے ۔

ساری مخلوقات اپنے ایک خالق ہونے کی طرف اشارہ کرتی ہے ۔



یہ وسیع حیرت انگیز کائنات اور اس میں موجود تمام مخلوقات، جیسے: رات اور دن اور سورج اور چاند اور ستارے یہ سب ظاہر کرتے ہیں کہ انکا ایک خالق ہے جو عبادت کے لائق ہے ۔



نبی ﷺ کے عہد میں مشرکین بھی توحید ربوبیت کا اقرار کرتے تھے۔ اس کے باوجود اس اقرار نے انہیں اسلام میں داخل نہیں کیا۔ کیونکہ وہ اللہ کے ساتھ دوسروں کی عبادت کرتے تھے ۔

مشرکین سے پوچھا جاتا کہ: کون تمہیں پیدا کیا اور کون تمہیں رزق دے رہا ہے؟



وہ کہتے تھے: اللہ ہی نے ہمیں پیدا کیا اور وہی ہمیں پال رہا ہے ۔



لیکن ان کا یہ اقرار انہیں اسلام میں داخل نہیں کیا کیونکہ وہ اللہ کو رب مانتے تھے لیکن اللہ کے ساتھ دوسروں کو شریک عبادت کرتے تھے ۔

اللہ فرماتا ہے:



اگر تم ان سے پوچھو کے زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے، تو یہ ضرور کہیں گے کہ اللہ نے۔ کہو الحمدللہ۔ مگر ان میں سے اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔



سورۃ لقمان :25

توحید کے اقسام ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ مشرکین نے توحید ربوبیت کو مانا مگر توحید الوہیت کو نہیں مانا اسی لئے وہ توحید پرست نہیں ہوئے ۔

امام ابو حنیفہ رح سے بعض مشرکین نے اللہ کے وجود پر سوال کیا۔



انہوں نے کہا : مجھے کچھ دیر کے لیے وقت دو کہ میں خود ایک معاملہ کے بارے میں سوچ رہا ہوں۔

میں سمندر میں ایک جہاز میں بیٹھا تھا جس میں ہر قسم کا سامان موجود تھا ۔ اور اسے چلانے والا کوئی نہیں تھا۔ اور وہ جہاز سامان کے ساتھ خودی سے حرکت کرتا ہوا اور بڑے لہروں کے درمیان اپنا راستہ خود بناتا تھا ۔ اور بلا آخر وہ رکا اور میں اس سے باہر آگیا ۔ پھر اس جہاز کو دیکھتا کہ وہ جہاں چاہے وہاں چلا جاتا ہے ۔



وہ مشرکین کہنے لگے: کوئی بھی سمجھدار ایسی بات نہیں کرے گا ۔

امام صاحب نے کہا : اور کیا یہ مخلوقات جن میں بیشمار عجائبات پائے جاتے ہیں ، ان کا کوئی خالق نہیں؟

وہ لوگ حیران رہ گئے اور حق بات کی طرف لوٹ آئے ۔ ان کے ہاتھ میں اسلام قبول کیا ۔

اس واقعہ کے چند فوائد کا ذکر

اللہ ہی وہ ذات ہے جو تمام معاملات کی تدبیر کرتی ہے ۔



اللہ کی مخلوق پر غور کرنے سے انسان کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے ۔

اللہ کے دین پر بلانے کے لیے حکمت اور اچھی نصیحت کرنا چاہیے ۔



اس واقعہ کے عنوان پر ہم مختلف نام لکھ سکتے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے، "مخلوق اپنے ایک خالق ہونے کی گواہی دیتی ہیں" ۔



اوپر بتائے گئے واقعہ کی روشنی میں سوالات کے جواب لکھیں

قصہ کا مناسب نام تجویز کریں؟

کوئی بات لکھیں جس سے آپ کو فائدہ ہوا ہو؟

امام ابوحنیفہ کا جواب کس طرح ہے بیان کریں؟

نیچے دیئے گئے خالی جگہ پر کریں

ہم اقرار کریں کہ اللہ ہر چیز کا.....ہے اور مالک اور..... اور رازق اور..... ہے ۔

ہم اقرار

کریں کہ اللہ ہر چیز کا رب ہے اور مالک اور خالق اور رازق اور مدبر ہے ۔

ہم اقرار کریں کہ اللہ ہر چیز کا رب ہے اور مالک اور خالق اور رازق اور مدبر ہے ۔

نیچے دی گئی آیات مناسب جواب سے جوڑیں

نبی ﷺ کے عہد میں مشرکین بھی توحید ربوبیت کا اقرار کرتے تھے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ

اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ

اللہ خالق ہے

اللہ مالک ہے

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ

توحید ربوبیت کے مناسب جواب پر ✔ نشان بنائیں

- ☆ اللہ رب ہے۔ ☐
- ☆ اللہ خالق ہے۔ ☐
- ☆ اللہ کی عبادت کرنا ہے۔ ☐
- ☆ اللہ عزیز و حکیم ہے۔ ☐
- ☆ اللہ رازق ہے۔ ☐
- ☆ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرنا ہے۔ ☐
- ☆ اللہ نے ہمیں پیدا کیا ۔ ☐
- ☆ اللہ رحمن و رحیم ہے۔ ☐
- ☆ اللہ ہی ہمیں موت دیگا۔ ☐